**SET-4**

**Series %BAB%/C**

سوالنامہ کوڈ
**Q.P. Code** **30**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا سوالنامہ کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **14** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **14** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو ( الیکٹو )

# URDU (Elective)

وقت : ۲ گھنٹے | کل نمبر : ۴۰

*Time allowed : 2 hours* | *Maximum Marks : 40*

***Instructions*** :

*(i)* *This question paper contains 3 sections and total 14 questions.*

*(ii)* *Section A consists of 10 marks, Section B of 18 marks and Section C of 12 marks.*

*(iii)* *Write answer according to the specific instructions.*

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ تین حصوں میں پوچھے گئے 14 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) 'حصہ-الف' 10 نمبر، 'حصہ-ب' 18 نمبر اور 'حصہ-ج' 12 نمبر کا ہے۔

(iii) ہر حصّے میں دی گئی ہدایات کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

## Section-A

### حصہ-الف

**1.** درج ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ *5×1=5*

**(الف)**

لفظ توہم وہم سے بنا ہے جس کے معنی وہم کرنا ہے۔ یعنی کسی ایسی بات پر خوف اور اندیشے کے ساتھ یقین کر لینا جس کی کوئی اصلیت نہ ہو۔ اس کو ضعیف الاعتقادی بھی کہتے ہیں۔ توہم پرستی ایک ایسا خلاف عقل

اور بے بنیاد قسم کا انسانی طرزِ فکر ہے جو لاعلمی، نادانی، جہالت اور کسی طرح کے پوشیدہ خوف کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ توہم پرستی انسانی زندگی کے آغاز سے ہے۔ قدیم زمانے کا وحشی اور غیر مہذب انسان اپنی جہالت اور حقائق سے نابلد ہونے کی وجہ سے ہر اس چیز سے ڈرتا تھا یا اس کی پوجا کرتا تھا، جس سے اسے کسی طرح کا خوف ہو یا اس سے کوئی فائدہ حاصل ہونے کا امکان ہو۔ جوں جوں تعلیم کا فروغ ہوتا جارہا ہے اور سائنس حقیقت کو واضح کرتی جارہی ہے توہمات اور اس سے متعلق اندیشے ختم ہوتے جارہے ہیں۔ توہم پرستی ایک طرح کی ذہنی بیماری ہے جو مختلف اعتقادات کے ساتھ ساتھ دنیا کے ہر ملک میں کم و بیش پائی جاتی ہے۔

(i) ضعیف الاعتقادی کسے کہتے ہیں ؟

(ii) توہم پرستی کا عمل کس وجہ سے پیدا ہوتا ہے؟

(iii) قدیم زمانے کا انسان کیا کرتا تھا ؟

(iv) توہمات کے اندیشے کیوں ختم ہوتے جارہے ہیں؟

(v) توہم پرستی کیا ہے؟

(ب)

یہ موجودہ طریقے راہیِ ملکِ عدم ہوں گے

نئی تہذیب ہو گی اور نئے ساماں بہم ہوں گے

نئے عنوان سے زینت دکھائیں گے حسیں اپنی
نہ ایسا پیچ زلفوں میں نہ گیسو میں یہ خم ہوں گے
نہ خاتونوں میں رہ جائے گی پردے کی پابندی
نہ گھونگھٹ اس طرح حاجبِ روئے صنم ہوں گے
بدل جائے گا انداز طبائع دور گردوں سے
نئی صورت کی خوشیاں اور نئے اسبابِ غم ہوں گے

(i) پہلے شعر کے مطابق کیا چیز نئی ہو گی؟

(ii) دوسرے شعر میں حسیں کس کے لیے کہا گیا ہے؟

(iii) خاتونوں میں کس کی پابندی نہیں رہے گی؟

(iv) آخری شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(v) زلفوں کے کیا معنی ہیں؟

**2.** درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ $5\times1=5$

## (الف)

میری ایک وقت کی روٹی کا انتظام ہو جائے، بس اس امید پر میں آپ کو ایک دلچسپ داستان سنا رہا ہوں۔ تو شروع کرتا ہوں نام لے کر اس خدا کا جس نے یہ دنیا بنائی اسی خدا کی خدائی میں ایک ملک تھا کہ نام تھا جس کا 'ملک ہوا' کیوں کہ وہاں کے باسی ہواؤں سے ہی اپنی ضرورت پوری کیا کرتے تھے، اس ملک ہوا کا بادشاہ جب مرنے لگا تو اپنے جوان بیٹے کو یہ وصیت کی کہ بیٹا اپنے محل کے سارے کمرے کھولنا مگر وہ تالا کبھی نہ کھولنا جو ایک سرنگ کے دروازے پر لگا ہے کیوں کہ اس سرنگ میں آگ، پانی، مٹی اور ہوا ایک ساتھ قید ہیں اور یہ ایک ایسا عجوبہ ہے جو ملک ہوا کے باشندوں کی عقل و فہم سے باہر ہے۔
بادشاہ کی موت کے بعد نوجوان شہزادے کے دل میں اس سرنگ کا راز جاننے کی بے چینی ایسی بڑھی کہ تالا کھول سرنگ کے اندر قدم رکھ دیا اور پہنچ گیا ایسی دنیا میں جہاں دو طرح کے انسان پائے جاتے تھے۔ ایک وہ جو جی رہے تھے اور دوسرے جو جیتے جی مر رہے تھے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(ii) اس اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(iii) ملک کا نام 'ملکِ ہوا' کیوں تھا؟

(iv) بادشاہ نے بیٹے کو کیا وصیت کی ؟

(v) دوسری دنیا میں پہنچنے کے بعد شہزادے نے کیا دیکھا؟

(ب)

جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اٹھا دی جائے
دل کا وہ حال ہوا ہے غم دوراں کے تلے
جیسے اِک لاش چٹانوں میں دبا دی جائے
ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا
کیا برا ہے جو یہ افواہ اڑا دی جائے
ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی
آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

(i) درج بالا اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) ہیئت کے اعتبار سے یہ شاعری کی کون سی قسم ہے؟

(iii) شاعر نے کس رسم کی بات کی ہے؟

(iv) شاعر کون سی افواہ اڑانے کی بات کر رہا ہے؟

(v) آخری شعر میں کن الفاظ سے صنعتِ تضاد بن رہی ہے؟

## Section-B

### حصہ۔ب

**3.** مختصر افسانہ یا انشائیہ میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ *6*

**4.** درج ذیل اُردو زبان کی تاریخ سے متعلق سوالات میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ $2\times3=6$

(i) فورٹ ولیم کالج کے بارے میں لکھیے۔

(ii) سر سید تحریک پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(iii) ترقی پسند تحریک کا مقصد کیا تھا؟

**5.** درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ $2\times2=4$

(i) چیرویاکوف کی موت کا سبب کیا تھا؟

(ii) ویکوم محمد بشیر کے افسانے کا عنوان ''جنم دن'' کیوں رکھا گیا ہے؟

(iii) گھر پہنچ کر مصنف نے کس کتاب کا مطالعہ کیا اور کیوں؟

**6.** درد منت کشِ دوا نہ ہوا *2*

میں نہ اچھا ہوا بُرا نہ ہوا

اس شعر کی ردیف کیا ہے؟

## Section-C

### حصہ۔ج

ہدایت : درج ذیل میں سے صرف 6 سوالوں کے جواب دیجیے۔ (6×2=12)

**7.** شفیع جاوید کے افسانے کا عنوان ”میں،وہ“ کیوں رکھا گیا ہے؟

**8.** ادیبوں کے احتساب کا محکمہ ڈاکٹر عبدالعلیم کے پاس کیوں ہونا چاہیے؟

**9.** کسی اچھے سفر نامے میں کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟

**10.** خورشیدالاسلام کے مطابق ناول نگار کی کیا ذمہ داری ہے؟

**11.** رام لعل کے پاکستان جانے کا کیا مقصد تھا؟

**12.** ناصر کاظمی کی غزل میں ”یادوں کے بجھے ہوئے سویرے“ کے کیا معنی ہیں؟

**13.** نظم ’ ملکِ بے سحر و شام ‘ میں شاعر کے لیے کیا یاد رکھنا محال ہے؟

**14.** ”آدمی کے دامن سے ہے زندگی وابستہ“۔اس مصرعے کے ذریعے ن۔م۔راشد کیا کہنا چاہتے ہیں؟